# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 09 March-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۹/مارچ ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** **** *****

## :::::: سرخیاں ::::::

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ ترقی یافتہ بھارت کی تعمیر صرف خودکفیل، بااعتماد، آزاد اور بااختیار خواتین کے بل پر ہی کی جاسکتی ہے۔ ناری شکتی سے وِکست بھارت نامی کانفرنس میں صدر جمہوریہ کا اظہارِ خیال۔

☆ خواتین کا احترام سماج اور ملک کی ترقی کی پہلی سیڑھی ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا بیان۔

☆ وزیر اعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم کے تحت خواتین میں تقسیم کئے جانے والے Rupay Card کا گورنر کے ہاتھوں اجراء۔

☆ صنعتوں کو بنیادی سہولیات فراہم کرنے کی خاطر انتظامیہ وعدے کی پابند ہے۔ چھترپتی سمبھا جی نگر کے ڈویژنل کمشنر دلیپ گاوڈے کا تیقن۔

اور۔۔۔ ☆ ICC چمپئنز ٹرافی کے فائنل مقابلے میں آج بھارت اور نیوزی لینڈ ہونگے آمنے سامنے۔

***** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ ترقی یافتہ بھارت کی تعمیر صرف خودکفیل، بااعتماد، آزاد اور بااختیار خواتین کے بل پر ہی کی جاسکتی ہے۔ عالمی خواتین دن کی مناسبت سے آج نئی دہلی میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے ہاتھوں ناری شکتی سے دکست بھارت، اس یک روزہ کانفرنس کا افتتاح عمل میں آیا۔ اس موقع پر صدر جمہوریہ مرمو نے کہا کہ آج کا دن خواتین کی کارکردگی کا احترام کرنے، ان کے حقوق سے متعلق بیداری پیدا کرنے اور جنسی مساوات کے فروغ کی خاطر خود کو وقف کرنے کا ہے۔

انہوں نے کہا کہ بھارت دنیا کی تیسری سب سے بڑی معیشت بننے کی راہ پر گامزن اور ملک کی افرادی قوت میں خواتین کی تعداد تیزی سے بڑھنی چاہئے۔ صدر جمہوریہ مرمو نے کہا کہ ملک کی خواتین ترقی یافتہ بھارت کے خواب کی تکمیل کے لئے اہم کردار ادا کررہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خوف سے پاک سماجی ماحول صرف اسی صورت میں بنایا جاسکتا ہے۔ جب خواتین کی عزت کرنے کا جذبہ ہو اور ماحول سے خواتین میں جو اعتماد پیدا ہوگا وہ ہمارے ملک کو نئی بلندیوں پر لے جائے گا۔ مرمو نے خواتین کو بااختیار بنانے کے لئے حکومت مختلف اسکیمات چلا رہی ہے۔

***** **** *****

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ترقی یافتہ بھارت کے خواب کی تعبیر کی خاطر ناری شکتی کا سب سے اہم کردار رہے گا۔ وزیر اعظم نے کل گجرات کے نوساری ضلع کے بنسی بورسی میں لکھپتی دیدی کانفرنس سے خطاب کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ناری شکتی نے ملک کی ترقی کی کمان سنبھال لی ہے۔ خواتین کا احترام ہی ملک اور سماج کی ترقی کی پہلی سیڑھی ہے۔ انہوں نے کہا اس سے قبل وزیر اعظم مودی نے لکھپتی دیدی اسکیم سے استفادہ کرنے والی 10 خواتین سے بات چیت کی۔

***** **** *****

چھترپتی شیواجی مہاراج کی تصویر والے Rupay Cards وزیراعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم سے فائدہ اٹھانے والی خواتین میں تقسیم کیے جائیں گے۔ملٹی ماڈلس ٹرانسپورٹ ایکسس اس مہم فراہم کیا گیا ہے۔اس کے ذریعے ڈیجیٹل حفاظت کے ساتھ ساتھ انشورنس بھی ملے گا۔اس میں رقم ادائیگی کے لئے کیو آر کوڈ کی سہولت بھی مہیا کی گئی ہے۔خواتین دن کی مناسبت سے منعقدہ پروگرام میں کل گورنر رادھا کرشنن اور وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس کی موجودگی میں اس کارڈ کا اجراء عمل میں آیا۔مہاراشٹر روپے کارڈ دینے والی ملک کی پہلی ریاست بن گئی ہے۔

***** **** *****

گورنر سی پی رادھا کرشنن اور وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس کی موجودگی میں کل ریاستی حکومت اور خواتین واطفال کی ترقی کے محکمے کی جانب سے ''بیٹی بچاؤ بیٹی پڑھاؤ'' پروگرام کے ریاست گیر جلسے کا انعقاد کیا گیا۔اس موقع پر مختلف شعبہ جات میں قابل ذکر کارکردگی انجام دینے والی خواتین کی عزت افزائی کی گئی۔ وزیراعلیٰ پھڑنویس نے کہا کہ سن 2029 میں پارلیمنٹ اور تمام ریاستوں کی اسمبلیوں میں 33 فیصد خواتین ہونگی اور وہ اس بات پر فخر محسوس کرتے ہیں۔

خواتین کی تعلیم اور اعلیٰ تعلیم میں اضافے کے لئے حکومت کوشاں ہے۔خواتین واطفال کی ترقی کی ریاستی وزیر ادیتی تٹکرے نے اس موقع پر اپنے خطاب میں یہ بات کہی۔انہوں نے کہا کہ بیٹی بچاؤ بیٹی پڑھاؤ مہم میں ریاست سرفہرست ہے۔

***** **** *****

خواتین دن کل ملک بھر میں مختلف پروگرامس کے ساتھ منایا گیا۔جس کی بنیاد تمام خواتین اور لڑکیوں کے مساوی حقوق اور انہیں بااختیار بنانے کے تصور پر تھی۔خواتین کی حوصلہ افزائی کے لئے چھترپتی سمبھاجی نگر کے ضلع کلکٹر دفتر سے کرانتی چوک تک موٹر سائیکل ریلی نکالی گئی۔ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے اس ریلی کو ہری جھنڈی دکھائی۔اس موٹر سائیکل ریلی میں ضلع کلکٹر دفتر کی خواتین افسران اور ملازمین نے شرکت کی۔اس کے علاوہ کل ضلع کلکٹر دفتر میں شادی سے پہلے کی ذہن سازی کے لئے مشاورتی مرکز کا افتتاح کیا گیا۔

***** **** *****

لاتور میں بھی ضلع سرجن دفتر اور لاتور آئی ایم اے کی خواتین ڈاکٹرس ونگ کی جانب سے ''ون رن فور یور سیلف'' نامی ریلی نکالی گئی۔اس ریلی میں خواتین ڈاکٹرس،نرسنگ کالج کی طالبات اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

لاتور کے ڈسٹرکٹ اسپورٹس کامپلیکس میں منعقدہ نوتیجسونی فیسٹیول کا افتتاح پولس سپرنٹنڈنٹ سومئے منڈے اور ضلع پریشد کے سی ای او راہل کمار مینا نے کیا۔وہیں میتری فاؤنڈیشن نے ولاس راؤ دیشمکھ گورنمنٹ میڈیکل کالج اور اسپتال میں خواتین کے عالمی دن کے موقع پر پیدا ہونے والی لڑکیوں اور ماؤں کا انوکھا استقبال کیا۔نومولود بچوں کو بے بی کٹس جبکہ ماؤں کو شال،کمبل اور گلدستوں سے نوازا گیا۔وہیں ناندیڑ ضلع کی 16 پنچایت سمیتیوں کے تحت گاؤں کی سطح پر خواتین کی میٹنگز کا انعقاد کیا گیا جس میں پانی صفائی اور صحت جیسے موضوعات پر رہنمائی کی گئی۔صفائی کے شعبے میں بہترین کام کرنے والی خواتین کو اس موقع پر عزت افزائی کی گئی۔خواتین کو بااختیار بنانے کے پیغام کو موثر طریقے سے پہنچانے کے لئے خواتین نے اسٹریٹ ڈرامے اور ثقافتی پروگرامس پیش کیے۔

اسی طرح جالنہ ضلع کے پرتور تعلقے کے آشٹی میں ایک خاتون سرپنچ کی صدارت میں خواتین کی خصوصی گرام سبھا منعقد کی گئی۔اس گرام سبھا میں خواتین کے خلاف جابرانہ رویوں کو ختم کرنے کی قرارداد منظور کی گئی۔

***** **** *****

یہ خبریں آ کا شوانی چھترپتی سمبھا جی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** **** *****

نیڈ یک گلوبل اپلائنس کمپنی، چھترپتی سمبھا جی نگر میں 102 کروڑ روپیوں کی سرمایہ کاری کرے گی۔اس سلسلے میں کل ممبئی میں وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس کی موجودگی میں معاہدے پر دستخط کئے گئے۔اس سرمایہ کاری سے کم وبیش ایک ہزار نوجوانوں کے لئے روزگار پیدا ہوگا۔

***** **** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر کے ڈویژنل کمشنر دلیپ گاوَڑے نے کہا ہے کہ انتظامیہ،صنعتوں کو ضروری بنیادی سہولیات جیسے سڑکیں، حمل ونقل، پارکنگ، بجلی، پانی وغیرہ فراہم کرنے کے لئے وعدے کی پابند ہے۔وہ کل ڈویژن کے سرمایہ کاروں، تاجروں اور مختلف سرکاری منصوبوں کو درپیش مسائل کے حل کے لئے منعقد کئے گئے اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔اس موقع پر انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت دی کہ وہ تاجروں اور سرمایہ کاروں کو درپیش مسائل سمیت امن وامان کے مسائل کو موثر طریقے سے نمٹانے کے لئے ضلعی سطح پر میٹنگز کریں۔

***** **** *****

آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے فائنل مقابلے کے لئے آج بھارت اور نیوزی لینڈ کی کرکٹ ٹیمیں آمنے سامنے ہوگی۔دوبئی میں کھیلا جانے والا یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق دوپہر ڈھائی بجے شروع ہوگا۔

***** **** *****

مراٹھواڑہ میں پانی کے تحفظ پر تعمیری بحث کے لئے کل پیر کو ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی میں مراٹھواڑہ پانی پریشد کا انعقاد کیا گیا ہے۔اس کانفرنس میں تحقیق کار، پالیسی ساز، سرکاری اور غیر سرکاری تنظیموں کے نمائندے اور تعلیم کے ماہرین شرکت کریں گے۔

***** **** *****

بارامتی کے سندودھان وچار منچ کی جانب سے بھیم پتر آئیڈیل 2025 ایوارڈ کے لئے دھاراشیو کے ایک سماجی کارکن ماروتی بنسوڑے کے نام کا اعلان کیا گیا ہے۔بنسوڑے گذشتہ 38 برسوں سے سماجی خدمت کے شعبے میں کام کررہے ہیں۔انہوں نے نریندر دابھولکر کے ساتھ 10 برسوں تک مہاراشٹر توہم پرستی ہٹاؤ کمیٹی میں کام کیا۔

***** **** *****

:::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ ترقی یافتہ بھارت کی تعمیر صرف خود کفیل، با اعتماد، آزاد اور با اختیار خواتین کے بل پر ہی کی جا سکتی ہے۔ ناری شکتی سے وِکست بھارت نامی کانفرنس میں صدر جمہوریہ کا اظہار خیال۔

☆ خواتین کا احترام سماج اور ملک کی ترقی کی پہلی سیڑھی ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا بیان۔

☆ وزیر اعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم کے تحت خواتین میں تقسیم کئے جانے والے Rupay Card کا گورنر کے ہاتھوں اجراء۔

☆ صنعتوں کو بنیادی سہولیات فراہم کرنے کی خاطر انتظامیہ وعدے کی پابند ہے۔ چھترپتی سمبھا جی نگر کے ڈویژنل کمشنر دلیپ گاوڈے کا تیقن۔

اور۔۔۔☆ ICC چمپئنز ٹرافی کے فائنل مقابلے میں آج بھارت اور نیوزی لینڈ ہونگے آمنے سامنے۔

***** **** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** **** *****